# صوبائی اسمبلی پنجاب

## رولنگ آف چیئر

### وقفہ سوالات کے دوران کورم کی نشاندہی

آج 7 مارچ 2025 کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران اپوزیشن کے رکن جناب رضی اللہ نے کورم کی نشاندہی کر دی۔ آئین کا آرٹیکل (2)55 اور رولز آف پروسیجر کا قاعدہ 5 کورم کی نشاندہی سے deal کرتے ہیں۔ آئین اور قواعد کی ترتیب ایک طرف لیکن کچھ پارلیمانی روایات ایسی ہوتی ہیں جو مسلمہ ہوتی ہیں اور وہ قاعدے اور قانون کی طاقت یعنی force of law رکھتی ہیں۔ دوران وقفہ سوالات کبھی بھی کسی بھی اسمبلی میں کورم کی نشاندہی نہیں کی جاتی۔ یہ بات بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں بھی ایک سے زائد بار طے ہو چکی ہے۔ یہ میرے پاس قومی اسمبلی کی ایک رولنگ موجود ہے (رولنگ 156) جس کے مطابق جب ایک رکن کی جانب سے وقفہ سوالات میں کورم کی نشاندہی کی گئی تو میڈم سپیکر نے رولنگ دی کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے فیصلے کی پابندی ہر رکن پر لازم ہے۔ قومی اسمبلی کی میڈم سپیکر کی مذکورہ رولنگ اس طرح ہے:

**"156. POINT OF ORDER: QUORUM POINTED OUT BY A MEMBER DURING QUESTION HOUR DESPITE DECISION OF BUSINESS ADVISORY COMMITTEE: CHAIR OBSERVED THAT MEMBERS ARE BOUND TO ACT UPON THE DECISION OF COMMITTEE.**

On 12th November 2009, during the proceedings of the House, Mr. Ghous Bux Khan Mahar, MNA, rising on a point of order drew attention of the Chair towards the lack of quorum.

Madam Speaker observed:

(جاری صفحہ ۲)

CamScanner

"It is for the information of the members that Business Advisory Committee decided that quorum would not be pointed out during question hour. All the members are bound to implement and act upon the decision made by the Business Advisory Committee; otherwise the Committee would become redundant."

Vol. XVII, Nos. 7-11
N. A. Debate, dated: 12-11-2009
Page No. 888

آپ سب جانتے ہیں کہ وقفہ سوالات سب سے موثر پارلیمانی ٹول ہے جس کے ذریعے ارکان حکومت کی جوابدہی کرتے ہیں۔ حیرت ہے کہ یہ کیسی اپوزیشن ہے جو حکومت کو rescue کرنے آگئی ہے۔

آج صبح یہ فیصلہ ہو گیا تھا کہ آج کے اجلاس کی نشست شام کو بھی جاری رہے گی۔

رولز آف پروسیجر 1997 کا قاعدہ 5 کورم کے حوالے سے کہتا ہے کہ کورم پورا نہ ہونے کی صورت میں نشست اگلے یوم تک ملتوی کر دی جائے گی تاہم اس قاعدے کی Proviso کہتی ہے کہ

Provided that if an evening sitting has been fixed for the transaction of Government business, the Assembly may be adjourned till the time of the evening sitting.

چونکہ شام کی نشست کا فیصلہ ہو چکا تھا لہذا میں نے آج صبح کی نشست کو دو بجے تک ملتوی کر دیا تھا اور اب ہم شام کی نشست کا باقاعدہ آغاز کرتے ہیں۔

ملک محمد احمد خان
سپیکر
صوبائی اسمبلی پنجاب

7 مارچ 2025

CamScanner